قسم ھے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ھیں ، القرآن

SATURDAY,20 DECEMBER, 2014

Registered ID 174

ABC CERTIFIED

لاہور، اسلام آباد، ملتان، مظفر آباد، فرینکفرٹ، لندن اور گلگت بلتستان سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا اردو اخبار

فون نمبرز 042-36280491-5 0321-4475040

فیکس نمبرز 36280524-6304552

E-mail : ausafd@gmail.com

http://www.dailyausaf.com

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

روزنامہ اوصاف لاہور

DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان

ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 18 | ہفتہ 20 دسمبر 2014ء، 27 صفر المظفر 1436ھ، 7 پوہ 2071ب، صفحات 16 قیمت 12 روپے | شمارہ: 99

بروقت خون فراہمی کیلئے بلڈ بینکس آن لائن کرنیکا فیصلہ

تمام سرکاری بلڈ بینکس کا ڈیٹا شیئر کیا جاسکے گا جس سے پتہ چل جائیگا کہاں کون کون سے خون کی کتنی مقدار موجود ہے، حادثات میں شدید زخمی مریضوں کو بروقت خون کی فراہمی ممکن ہوگی

پہلے بھی بلڈ بینکس کو آن لائن کرنے کا منصوبہ شروع کیے جانے کے حوالے سے اقدامات کیے گئے تھے لیکن مکمل نہیں ہوسکا تھا، منصوبہ مکمل ہونے پر ایمرجنسی مریضوں کو بہت فائدہ ہوگا

لاہور (کاشف ملک سے) حادثات میں زخمی ہونیوالے مریضوں کو بروقت خون کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے آئی ٹی بورڈ کے تعاون سے صوبہ بھر کے بلڈ بینکس کو آن لائن کرنے فیصلہ کر لیا گیا۔ جس کے باعث [illegible] میں شدید زخمی حالت میں آنیوالے مریضوں کو بروقت خون کی فراہمی ممکن ہوسکے گی۔ تفصیل (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 1)



بلڈ ٹرانسفیوژن سروسز پنجاب میں ہونے والے اہم اجلاس کی صدارت سیکرٹری بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی پنجاب کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 1 بلڈ بینکس

کے مطابق گزشتہ روز پنجاب بلڈ ٹرانسفیوژن سروسز پنجاب اور بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی پنجاب کا ایک اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس کی صدارت سیکرٹری بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی پنجاب ڈاکٹر جعفر سلیم نے کی جبکہ اجلاس میں ڈائریکٹر پنجاب بلڈ ٹرانسفیوژن سروسز پنجاب ڈاکٹر ظفر اقبال، ڈاکٹر جویریہ اعجاز اور ڈاکٹر عارف نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں متفقہ طور پر اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ آئی ٹی بورڈ کے تعاون سے صوبہ بھر کی بلڈ بینکس کو آن لائن کیا جائیگا اور تمام سرکاری بلڈ بینکس کا ڈیٹا آپس میں شیئر کیا جائیگا جس سے بروقت پتہ چل سکے گا کہ کس بلڈ بینک میں کون کون سے خون کی کتنی مقدار موجود ہے جبکہ بلڈ بینکوں کا آن لائن سسٹم متعارف ہونے کے بعد حادثات میں شدید زخمی ہونیوالے مریضوں کو بروقت خون کی فراہمی ممکن ہو سکے گی۔ ذرائع نے مزید بتایا ہے کہ اس سے قبل بھی بلڈ بینکوں کو آن لائن کرنے کا منصوبہ شروع کیے جانے کے حوالے سے اقدامات کیے گئے تھے لیکن منصوبہ مکمل نہیں ہو سکا تھا تاہم اگر اس منصوبہ کو مکمل کر کے بلڈ بینکوں کو آن لائن کر دیا جاتا ہے اور سرکاری بلڈ بینکوں کا ڈیٹا آپس میں شیئر کیا جاتا ہے تو اس کا فائدہ ایسے مریضوں کو ہوگا جن کو ایمرجنسی کی صورت میں خون کی اشد ضرورت ہوتی ہے اور خون نہ ملنے کے باعث مریضوں کو زندگیوں کو خطرہ لاحق ہو جاتا ہے۔